اس سلسلے میں ایسٹ مین نے مزاح کے مندرجہ ذیل چار اصول پیش کئے[1] :-

(الف) اشیا صرف اس وقت مزاحیہ رنگ اختیار کرتی ھین جب ھم خود مزاح کے موڈ مین ھون — اگر ھم بہت سنجیدہ ھونگے تو مزاح کا نام و نشان تک نہین ملے گا —

(ب) جب ھم مزاح کے موڈ مین ھوتے ھین تو خوشگوار چیزون کے ساتھ ساتھ نا خوشگوار چیزین بھی اچھی لگتی ھین —

(ج) ھنسی کھیل کا رجحان بچپن کا امتیازی نشان ھے اور بچون کی ھنسی مزاح کو اس کے سادہ ترین انداز مین پیش کرتی ھے —

(د) بالغون مین ھنسی کھیل کا یہ رجحان کسی نہ کسی صورت مین ضرور ملتا ھے لہذا وہ نا خوشگوار اشیا کو مزاحیہ رنگ مین دیکھنے اور ان سے محظوظ ھونے کی صلاحیت پیدا کرلیتے ھین —

فرائڈ کے بعد مزاح کے مسئلے پر گریگ اور ایسٹ مین کے علاوہ جس تیسرے مصنف نے طبع آزمائی کی اس کا نام آرتھر کوسٹلر ھے

---

1. Enjoyment of Laughter ____ Eastman 1937 Ed P 19